08-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔وزیر اعظم مودی نے انڈونیشیا کا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد آسٹریلیا کے سرکاری دورہ کا آغاز کیا۔

۲۔گودریج گروپ نے کھمم میں 300 کروڑ روپے کے آئل پام کمپلیکس منصوبہ پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔

۳۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے دھان کی خریدی میں ناکامی پر تلنگانہ حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

۴۔بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے کالیشورم پروجیکٹ کے معاملہ پر وزیر اعلیٰ کو چیلنج کیا ہے۔

۵۔مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے ایل نینو کے اثرات اور خریف فصل کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

GODREJ GROUP MET:

گودریج گروپ کے نمائندوں نے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کر کے آئل پام کی کاشت بڑھانے سے متعلق ایک رپورٹ پیش کی۔اس ملاقات میں کھمم ضلع میں ریاست کے پہلے نجی مربوط آئل پام کمپلیکس کے آغاز پر بات ہوئی۔ یہ منصوبہ 300 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہو رہا ہے اور اس سے 700 سے زائد افراد کو روزگار ملنے کی توقع ہے۔حکومت پہلے ہی گببا گورتھی میں 113.5 ایکر زمین الاٹ کر چکی ہے جبکہ کمپنی نے سیڈ گارڈن کے لئے مزید 40 ایکر اراضی کی درخواست کی۔ کمپنی کی جانب سے پروسیسنگ مل تک جانے والی سڑک کو چوڑا کرنے کی درخواست پر سی ایم نے ٹی جی آئی سی کو فوری کارروائی کی ہدایت دی۔

Desk/Hyderabad

DEVENDER REDDY :

سابق ڈپٹی اسپیکر ایم پدما دیویندر ریڈی اور گجویل حلقہ کے انچارج پرتاپ ریڈی کی قیادت میں دیہاتیوں نے میدک کلکٹر پرتیما سنگھ کو ایک یادداشت پیش کی۔ انہوں نے منوہر آباد میں واقع ایم ایس اگروال فاؤنڈریز پرائیویٹ لمیٹڈ کو فوری طور پر بند کر کے دوسری جگہ منتقل کرنے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ کمپنی کی وجہ سے شدید فضائی اور آبی آلودگی پھیل رہی ہے، جس سے عوام کی صحت، زراعت اور زیرِ زمین پانی متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کمپنی کی توسیع کے منصوبوں اور حالیہ عوامی سماعت کو بھی غیر جمہوری قرار دیا۔

Medak

BHARAT ABHIYAN :

مرکزی بیورو آف کمیونی کیشن نے حیدرآباد کے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کالج میں 'نشہ مکت بھارت ابھیان' کے تحت ایک بیداری پروگرام منعقد کیا۔ تلنگانہ ایگل فورس کے انسپکٹر پی سرینواس راؤ نے کہا کہ ملک کو منشیات سے پاک بنانے کے لئے عوامی تعاون اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مشترکہ کوششیں ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے اسمگلر خاص طور پر نوجوانوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ پی آئی بی وسی بی سی کی اڈیشنل ڈائرکٹر جنرل شروتی پاٹل اور کالج کے سی ای او پروفیسر لمبادری نے بھی منشیات کے خلاف بیداری، موثر کارروائی اور بحالی کے اقدامات کی اہمیت پر زور دیا اور طلبہ سے اپیل کی کہ وہ نشہ اور سائبر فراڈ سے ہوشیار رہیں۔

Desk/PIB

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے تلنگانہ حکومت پر دھان کی خرید میں ناکامی کا الزام لگایا اور کہا کہ مرکز نے 53 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریدی کو منظوری دی اور خریداری کے تمام اخراجات بھی ادا کیا۔ تاہم حکومت اس کے باوجود دھان کو خریدنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ این سی ڈی سی کے ذریعہ ریاست کو خاطر خواہ فنڈس فراہم کئے گئے، جن میں مالی سال 26-2025 کے لئے 37 ہزار کروڑ روپے میں سے 22 ہزار 700 کروڑ روپے جاری کئے جاچکے ہیں۔ کشن ریڈی نے کہا کہ تھیلوں، گوداموں اور چاول ملوں جیسی بنیادی سہولتوں کی کمی کے باعث ریاست مختلف سیزن میں ایف سی آئی کو مقررہ مقدار میں چاول فراہم نہیں کرسکی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی باریک چاول تقسیم اسکیم کے 70 فیصد اخراجات بھی مرکز برداشت کرتا ہے۔ کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ بی آر ایس اور کانگریس اپنی بدانتظامی چھپانے کے لئے مرکز پر الزام لگا رہی ہیں۔ ان کے مطابق تلنگانہ بی جے پی کے وفد نے کسانوں کو راحت فراہم کرنے کے مطالبہ پر مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کو بھی ایک یادداشت پیش کی ہے۔

Desk

PONGULETI:

ریونیو کے وزیر سرینواس ریڈی نے وزراء جوپلی کرشنا راؤ، سری ہری اور ایم ایل اے میگھا ریڈی کے ہمراہ ونپرتی میں 13 کروڑ روپے مالیتی ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا اور اندراماں ہاؤسنگ کے تحت منظورہ مکانات تقسیم کئے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ بھو بھارتی پورٹل کے تحت مسائل کو حل کیا جائے جبکہ انہوں نے سرکاری ملازمتوں کے تعلق سے حکومت کے اقدامات کو اجاگر کیا۔

Wanaparthy

SHIV PRATAP SHUKLA:

تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے حیدرآباد کے سی بی آئی ٹی میں 6ویں یومِ تقسیمِ اسناد کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے 2026 کے فارغ التحصیل طلبہ سے کہا کہ وہ صرف ملازمت تلاش کرنے کے بجائے روزگار فراہم کرنے والے، اختراع کار اور صنعت کار بنیں اور وکست بھارت 2047 کے وژن میں اپنا کردار ادا کریں۔ گورنر نے کہا کہ حیدرآباد عالمی سطح پر ٹیکنالوجی اور اختراع کا اہم مرکز بن چکا ہے، اس لئے نوجوانوں کو علم کے ساتھ اخلاقی اقدار کو بھی اپنانا چاہئے۔ گورنر نے نوجوانوں سے منشیات سے دور رہنے اور ''نشہ مکت بھارت'' مہم کے سفیر بننے کی اپیل بھی کی۔

Desk

PM:

وزیراعظم نریندر مودی نے انڈونیشیا کا تین روزہ سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد ملبورن کے لئے روانگی اختیار کی۔ انڈونیشیا کے صدر پرابوسو بیانتو نے خصوصی طور پر ایرپورڈ پر انہیں وداع کیا۔ اس سے قبل دونوں قائدین نے یوگیا کارتا میں واقع نویں صدی کے پرمبنان مندر کمپلیکس، جو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ میں شامل ہے، کا دورہ کیا۔ وزیراعظم نے شیو مندر میں پوجا ادا کی اور دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور انڈونیشیا کے تعاون سے جاری تحفظ و مرمت کے کاموں کا جائزہ لیا۔ صدر پرابوو نے مندر کی بحالی میں نئی دہلی کے تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے دونوں ممالک کے تہذیبی تعلقات کی علامت قرار دیا، جبکہ مودی نے اس دورہ کو روحانی تجربہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مشترکہ ثقافتی ورثہ دونوں عوام کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بناتا ہے۔

NSD

SHIVRAJ SINGH CHOUHAN

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے نئی دہلی میں ایل نینو کے اثرات کے حوالہ سے اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے اپریل ہی سے تیاریوں کا آغاز کر دیا تھا اور فصلوں و منڈیوں کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ حالیہ بارش کے بعد ناکافی بارش والے اضلاع کی تعداد 262 سے کم ہو کر 178 رہ گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت 351 لاکھ ہیکٹر رقبہ پر زراعت ہوئی ہے، جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ رقبہ 442 لاکھ ہیکٹر تھا۔ مانسون میں تاخیر کے باعث بعض فصلیں متاثر ہوئی ہیں، اس لئے کسانوں کو کم مدت میں تیار ہونے والی اور کم پانی استعمال کرنے والی فصلیں کاشت کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

NSD

MPLADS

عادل آباد کے رکن پارلیمنٹ جی ناگیش نے چہارشنبہ کو کمرم بھیم آصف آباد ضلع کے سرپور اسمبلی حلقہ میں کئی ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا۔ انہوں نے کاغذ نگر ٹاؤن میں 50 لاکھ روپے کی لاگت سے نئی برانچ لائبریری کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا، جس کے لئے رقم ایم پی ایل اے ڈی ایس فنڈ سے فراہم کی گئی ہے۔ یہ لائبریری طلبہ اور ملازمت کے امیدواروں کے لئے قائم کی جا رہی ہے۔ رکن اسمبلی ڈاکٹر ہریش بابو اور ایم ایل ڈانڈے وٹھل کے ساتھ انہوں نے کوتھا سرا سالا گاؤں میں نئی گرام پنچایت عمارت کا بھی افتتاح کیا۔

Asifabad

MAHESH B.GITHE

راجنا سرسلہ ضلع کے ایس پی مہیش بی گیتے نے کہا ہے کہ ضلع کی ڈیزاسٹر ریسپانس فورس مانسون کے دوران سیلاب، آتشزدگی، سڑک حادثات اور دیگر قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے مکمل طور پر تیار ہے۔ ویملواڑہ کے نمپیلی گاؤں کے تالاب میں منعقدہ خصوصی تربیتی پروگرام کے دوران ایس پی نے خود کشتی کے ذریعہ امدادی کارروائیوں کا معائنہ کیا اور بتایا کہ 12 رکنی ٹیم ریسکیو بوٹس، لائف جیکٹس اور لکڑی کاٹنے والی جدید مشینوں سمیت جدید آلات سے لیس ہے اور عوام کی حفاظت کے لئے چوبیس گھنٹے خدمات انجام دینے کے لئے تیار ہے۔

Rajanna Sircilla

ZOONOSIS DAY :

نلگنڈہ کے میئر چیتنیا سرینواس ریڈی اور ضلع کلکٹر چندر شیکھر نے ضلع ویٹرنری ہاسپٹل میں زونوسس ڈے پروگرام میں شرکت کی۔ انہوں نے ریبیز سمیت جانوروں سے انسانوں میں منتقل ہونے والی بیماریوں سے متعلق عوام میں بیداری پیدا کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر جانوروں کی آبادی پر قابو پانے، ریبیز سے بچاؤ کی ویکسین لگانے اور شہریوں کو کچرے کی مناسب صفائی رکھنے کی تلقین کی گئی۔ پروگرام کے دوران 210 کتوں کو اینٹی ریبیز ویکسین دی گئی۔

NSD

PM MODI INDIA AUSTRALIA TIES:

وزیراعظم نریندر مودی کا آسٹریلیا کا سرکاری دورہ آج سے شروع ہوگیا، جس میں معاشی تعاون اور آسٹریلیا میں مقیم ہندوستانی برادری پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ صحت کے شعبہ کے ماہر

دیپک سانگھوی نے کہا کہ ملبورن میں بڑی تعداد میں ہندوستانی نژادافراد آباد ہیں اوروزیر اعظم کا یہ دورہ وہاں کی ہندوستانی برادری کی شناخت اور وقار کو مزید مضبوط کرے گا۔انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی ماہرافرادی قوت اورآسٹریلیا کے اہم معدنی وسائل دونوں مما لک کے درمیان تجارت اور تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔

NSD

HARISH RAO

بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے کالیشورم پروجیکٹ کے بارے میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے بیانات پر سخت تنقید کی۔تلنگانہ بھون میں پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعہ انہوں نے منصوبہ سے متعلق حقائق پیش کرتے ہوئے حکومت کو چیلنج کیا کہ آبپاشی کا محکمہ تین ماہ کے لئے ان کے حوالہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر وہ پانی فراہم کرنے میں ناکام رہے تو سیاست سے ریٹائر ہو جائیں گے۔ہریش راؤ نے سوال کیا کہ سمکا بیاریج میں بڑے سیلاب کے باوجود پانی کیوں چھوڑا نہیں گیا۔انہوں نے کانگریس حکومت پر یہ بھی الزام لگایا کہ وہ اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے سیاسی الزام تراشی کررہی ہے۔

Desk

INVESTMENTS

کینڈا کے ہائی کمشنر برائے ہند کریس کوٹل نے ریاستی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی تاکہ تجارت،سرمایہ کاری اوراختراعی شعبوں میں رفاقت کاری کو مضبوط بنایا جاسکے۔انہوں نے سی ایم کو مدعو کیا کہ وہ اپنے وفد کے ساتھ کینڈا کا دورکریں اورجبکہ انہوں نے تلنگانہ کی ترقی کی ستائش کی۔دونوں لیڈرس نے موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے اور ملٹی یونیورسٹی کیمپس جیسے اہم

پروجکٹس میں باہمی اشتراک پر تبادلہ خیال کیا۔اس کے علاوہ ریونت ریڈی نے کینڈا کے سرمایہ کاروں اور اداروں کو مجوزہ تلنگانہ گلوبل انوسٹمنٹس سمٹ میں شرکت کیلئے بھی مدعو کیا۔

DESK

○○